مشکل پیچیدہ اور دلچسپ سوالات کی

گھوم گھمیاں

ترتیب و پیشکش

سید ساخر ھاشمی

زیرک اور ذہین و فطین لوگوں کے لیے

عجیب و غریب سوالات مع جوابات پر مبنی

اَز... سید ساخر ہاشمی

ذہنی آزمائش 001

1A- کون سا گناہ کبیرہ جس کی توبہ نہیں؟

شرک سب سے بڑا گناہ کبیرہ ہے لیکن اسکی توبہ کی جاسکتی ہے۔ بتایئے وہ کون سا گناہ کبیرہ ہے جس کی توبہ ہی نہیں کی جاسکتی؟

2B- وہ کیا ہے؟

وہ کیا ہے جسے حرام قرار دیا گیا ہے لیکن ہمیں اسے "پینے" کو بھی کہا جاتا ہے؟

3C- کونسا عیب؟

بتایئے اگر کوئی شخص پیدائشی بہرا تو اس میں ایک اور کون سا بڑا عیب ضرور ہوگا؟ کیوں؟

ذہنی آزمائش 002

4A- دھویں کا وزن معلوم کیجئے؟

بتائیے اگر سوا دو سیر تمباکو کو جلایا جائے تو کتنا دھواں نکلے گا؟

(نوٹ: دھویں کا وزن بتانا ہے۔ بظاہر یہ ممکن نظر نہیں آتا کیونکہ اتنے دھویں کا وزن کس طرح کیا جائے گا لیکن ذرا سے "کامن سینس" سے آپ اس ذہانت کے سوال کو حل کر سکتے ہیں۔)

5B- وہ شخص کیا کہلائے گا؟

ایک شخص پیدا ہوا جاپان میں، پلا بڑھا فرانس میں لیکن مرا ترکی میں بتائیے وہ شخص کیا کہلائیگا۔

ذہنی آزمائش 003

6A- حیرت انگیز جرم

دنیا کے وہ دو کون سے جرائم ہیں جو اگر پایۂ تکمیل تک پہنچ جائیں تو دنیا کی کوئی طاقت سزا نہیں دے سکتی لیکن اگر وہ نامکمل رہیں تو سزا دی جاتی ہے۔

7B- چلنے اور دوڑنے میں فرق

ذرا خوب غور کر کے بتایئے کہ چلنے walking اور دوڑنے Running میں کیا بنیادی فرق ہوتا ہے۔

ذہنی آزمائش 004

8A- ٹیبل ٹینس کی گیند

فہمیدہ اور رودہ اپنے لان میں ٹیبل ٹینس کھیل رہی تھیں کہ اچانک گیند اچھلی اور تھوڑی دور جا کر زمین میں ایک سوراخ میں گر گئی وہ پورا سوراخ گیند کی اونچائی سے ایک انچ بڑا تھا اور تقریباً 3 فٹ گہرا تھا لیکن ڈیڑھ فٹ گہرائی کے بعد سوراخ ایک طرف کو تھوڑا سا مڑ بھی گیا تھا۔ سوراخ میں ہاتھ ڈال کر گیند نکالنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کسی لکڑی کے ذریعے بھی گیند نکالنا مشکل تھا کیونکہ سوراخ ڈیڑھ فٹ کے بعد تھوڑا مڑ گیا تھا زمین کھودنے کی اجازت بھی نہیں تھی اور جلد کھیل دوبارہ شروع کرنا تھا۔ فہمیدہ اور رودہ بڑی پریشان تھیں کیا آپ ان کی مدد کر سکتے ہیں کہ گیند جلد از جلد باہر نکال لی جائے اور کھیل دوبارہ شروع کیا جا سکے۔

9B- کون سے سوالات

وہ کون سے سوالات ہیں جن کے جوابات کوئی بھی ہاں (Yes) میں نہیں دے سکتا؟ اگر کوئی ہاں میں جواب دیتا ہے تو پھر یقین کیجئے کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے۔

ذہنی آزمائش 005

10A- عجیب چیز؟

وہ کون سی چیز ہے جو ضرورت کے وقت تو پھینک دیتے ہیں لیکن جب اس کی ضرورت نہیں ہوتی تو اسے اٹھا کر رکھ لیتے ہیں۔

11B- بلی کی کوشش

ایک بلی ایک 30 فٹ گہرے گڑھے میں گر گئی وہ ہر روز تین فٹ اونچی چھلانگ لگاتی ہے لیکن 2 فٹ نیچے پھسل جاتی ہے بتایئے وہ کتنے دنوں بعد گڑھے سے باہر نکلے گی۔

12C- لوہے کا زنگ

اگر ایک من لوہے میں مکمل زنگ لگ جائے تو بتایئے کیا اس لوہے کا وزن ایک من سے زیادہ ہو جائے گا یا کم؟

ذہنی آزمائش 006

13A- 25روپے یا 24روپے

ایک گھوڑے والے کے پاس 30 گھوڑے تھے۔ وہ اکثر ایک جانوروں کو پانی پلانے والے شخص کے پاس گھوڑوں کو پانی پلانے لے جاتا تھا۔ ایک صبح وہ اپنے 30 گھوڑوں کو پانی پلانے لے کر گیا تو پانی پلانے والے نے کہا کہ ایک روپیہ میں دو گھوڑوں کو پانی پلاؤ ں گا۔ گھوڑے والا مان گیا۔ گھوڑوں کو پانی پلانے کے بعد اس نے کہا شام کو حساب کریں گے۔ اسی دن دوپہر کو وہ پھر اپنے تیں گھوڑوں کو پانی پلانے والے کے پاس لایا۔ پانی پلانے والے نے کہا ایک روپے میں دو گھوڑوں کو پانی پلاؤنگا لیکن گھوڑے والے نے کہا ابھی تو یہ کم پیاسے ہیں اور پانی بھی کم پیئے گے لہذا تم کچھ کم پیسے لو پانی والا ایک روپے میں تین گھوڑوں کو پانی پلانے پر راضی ہوگیا پانی پلوانے کے بعد گھوڑے والے نے کہا شام کو اکٹھا ہی حساب کرلیں گے۔ شام کو جب گھوڑے والے نے پانی والے سے پوچھا کہ بھئی میرے ذمے کتنے پیسے ہوئے تو اس نے کہا کہ 25 روپے لیکن گھوڑے والے کا اصرار تھا کہ 24 روپے بنتے ہیں کیا آپ بتاسکتے ہیں کہ گھوڑے والا 24 روپے کے بل کا اصرار کیوں کر رہا تھا؟

ذہنی آزمائش 007

14A- حیرت انگیز بیل

دو بیل ایک ساتھ چلتے ہیں ایک ساتھ رکتے ہیں ایک ساتھ کھاتے ہیں ایک ساتھ پیتے ہیں او
ر ایک ہی ساتھ سفر کرتے ہیں لیکن شام کو جب ان کے طے کردہ فاصلے کو ناپا جاتا ہے تو ایک
بیل 25 میل کا فاصلہ اور دوسرے نے 35 میل کا فاصلہ طے کیا ہوتا ہے کیوں؟ کیا آپ
اس مسئلے کو حل کرنے میں کچھ مدد کرینگے۔

15B- ہرن کا شکار

ایک شکاری نے کھڑے ہوئے ہرن کو گولی ماری، گولی ہرن کے کان پر لگی اور وہاں سے نکل
کر اس کے پچھلے کھروں کو لگی بتائیے کس طرح؟

ذہنی آزمائش 008

16A- آسان سوال مگر حیرت انگیز، جس کا جواب ابھی تک آج کے سائنسدان بھی نہیں دے سکے ہیں

یہ سوال بظاہر تو بڑا آسان نظر آتا ہے لیکن یہ اتنا حیرت انگیز اور سمجھ میں نہ آنے والا ہے سوال یہ ہے کہ اگر ہم ایک گلاس کو پانی سے لبالب بھر لیں اور اسے بہت احتیاط سے ایک میز پر رکھ دیں پھر ایک نمک دانی سے پانی پر نمک چھڑکتے جائیں اور دوسرے ہاتھ میں سوئیٹر بننے والی سلائی کو یا کوئی ایسی ہی پتلی لکڑی لے کر اسے آہستہ آہستہ بہت احتیاط سے پانی میں ہلاتے رہیں کہ پانی باہر نہ گرے۔ فرض کیجئے اس طرح آپ نے نمک دانی سے ایک چھٹانک نمک پانی میں چھڑک دیا تو آپ یہ دیکھ کر حیران رہ جائیں گے کہ سارا نمک پانی میں چلا گیا لیکن پانی کی سطح پھر بھی اونچی نہیں ہوئی اور جوں کی توں رہی اگر پانی کی سطح اونچی ہوتی تو لبالب بھرے ہوئے گلاس سے کچھ تو پانی باہر چھلک کر گرتا آخر نمک کہاں گیا؟ بہرحال تجربہ کیجئے اور جواب دیکھئے لیکن یہ جواب کوئی تسلی بخش نہیں ہے۔

ذہنی آزمائش 009

17A- حیرت انگیز جانور

ذرا اس مشہور جانور کا نام تو بتایئے جو نہ انڈے دیتا ہے اور نہ ہی بچہ اور اس کا وزن بھی ایک من سے زیادہ ہوتا ہے؟

18B- ریل گاڑی کی زنجیر

حامد نے بغیر وجہ کے ریل گاڑی کی زنجیر کھینچی لیکن اسے جرمانہ نہیں ادا کرنا پڑا بتایئے کیوں؟

ذہنی آزمائش 010

19A- عجیب آدمی

دو آدمی ایک چمنی میں کام کر رہے تھے جب وہ باہر نکلے تو ایک آدمی کے منہ پر کالک لگی ہوئی تھی جبکہ دوسرے کا منہ صاف تھا جس کا منہ صاف تھا وہ منہ دھونے چلا گیا اور جس کے منہ میں کالک لگی ہوئی تھی وہ منہ دھونے نہیں گیا بتائیے کیوں؟

20B- باسکٹ کے انڈے

ایک دکاندار کے پاس باسکٹ میں کچھ انڈے تھے اس نے اس باسکٹ کے آدھے انڈے اور ایک انڈے کا آدھا انڈہ فروخت کر دیا اور اب اسکے پاس صرف ایک درجن انڈے بچے ہیں۔ بتائیے اس دکاندار کے پاس کتنے انڈے تھے۔

ذہنی آزمائش 011

21A- کفایت شعاری

انیس سگریٹ پینے کا بہت عادی تھا، ایک دفعہ اس کی برنڈ کا سگریٹ مارکیٹ میں کافی عرصے تک نایاب رہا تھا لیکن انیس کے پاس اپنے برانڈ کی 72 سگریٹیں موجود تھیں اس نے کفایت شعاری کی ٹھانی، پہلے تو وہ سگریٹ پینے کے بعد آخر میں جو چھوٹا ٹکڑا بچ جاتا تھا پھینک دیا کرتا تھا لیکن اب پھینکنے کے بجائے وہ انہیں جمع کر لیتا ہے اور 2 ٹکڑوں سے پھر ایک پوری سگریٹ بنا کر پی لیتا ہے بتایئے وہ اپنی ان 72 سگریٹوں سے کتنی سگریٹیں پیئے گا

22B- یہ کیونکر ممکن تھا ؟

ساجد کہتا تھا کہ ہم بھائی ایک ہی دن ایک ہی تاریخ اور ایک ہی سال میں پیدا ہوئے، اس کا بھائی ماجد کہتا تھا کہ ہم بھائیوں کے والد اور والدہ بھی ایک ہی ہیں لیکن ہم "دو جڑواں بھائی" (Twins) نہیں ہیں، کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ ایسا کیونکر کہتا تھا؟

23A- چوک میں پریشانی

فرض کیجئے آپ اپنی کار میں کراچی سے حیدرآباد جا رہے تھے راستے میں ایک چوک آیا چاروں طرف سڑکیں جا رہی تھیں تمام راستے سنسان تھے کوئی آپ کو بتانے والا بھی نہیں تھا۔ آپ چکرا گئے کہ کون سی سڑک حیدرآباد کو جا رہی ہے آپ نے سوچا کہ متعلقہ حکام کو چوک پر چاروں طرف جانے والے راستوں کی تختی لگانی چاہیئے تھی تاکہ مسافر کو معلوم ہو جائے کہ کون سا راستہ کدھر جاتا ہے۔ اچانک سڑک سے ذرا دور آپ کی نظر ایک تختی پر پڑی۔ جس میں تین تختیاں اور لگی ہوئی تھیں آپ نے اسے اٹھایا تو اس پر چاروں راستوں کی منزلیں لکھی ہوئی تھیں۔ اس پر حیدر آباد بھی لکھا ہوا تھا آپ نے سوچا کہ کسی نے شرارت سے تختی اکھیڑ کر سڑک کے کنارے پھینک دی ہے چنانچہ آپ تختی لے کر بیچ چوک میں آ گئے لیکن پھر بھی آپ معلوم نہ کر سکے کہ حیدآباد کا راستہ کس طرف کو ہے کیونکہ اگر تختی نصب ہوتی تو پھر تو معلوم ہو سکتا تھا کہ حیدرآباد کا راستہ کس طرف ہے۔ جایئے اب آپ کس طرح حیدرآباد کا راستہ معلوم کریں گے واضح رہے کہ آپ کو کوئی بتانے والا نہیں ہے آپ کو خود ہی اس مشکل کو حل کرنا ہے؟

ذہنی آزمائش 013

-24A ریشمی رومال

ایک گز لمبے اور ایک گز چوڑے ریشمی رومال کی قیمت 8 روپے ہے۔ بتایئے اسی کپڑے کے آدھ گز لمبے اور آدھ گز چوڑے رومال کی کیا قیمت ہوگی۔

-25B دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی سواری

کیا آپ دنیا میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والی "سواری" کا نام بتا سکتے ہیں؟

-26C کیا سکہ جعلی تھا؟

فرض کیجئے کہ آپ ایک ماہر آثار قدیمہ ہیں اور ایک جگہ آثار قدیمہ دریافت کرنے کے لئے کھدائی کروا رہے ہیں کھدائی کے دوران ایک شخص ایک سکہ لے کر آیا جس پر سن 250 ق م تحریر تھا اور کوئی غیر معلوم زبان تحریر تھی سکہ دیکھنے میں واقعی بہت قدیم معلوم ہوتا تھا لیکن آپ نے سکے کا وہیں اچھی طرح معائنہ کرنے کے بعد اسے سو فیصد جعلی قرار دے دیا۔ بتایئے کیوں؟

ذہنی آزمائش 014

27A- گیارہ ہزار گیارہ سو گیارہ روپے

ذرا ہندسوں میں گیارہ ہزار گیارہ سو گیارہ روپے لکھ کر بتایئے؟

28B- طارق کی سالگرہ

سالگرہ منانے والے لوگ تو اپنی سالگرہ ہر سال مناتے ہیں لیکن طارق اپنی سالگرہ ہر چار سال بعد مناتا ہے۔ بتایئے کیوں؟

29C- ہندسہ یا عدد بتایئے؟

کوئی ایک ہندسہ یا عدد بتایئے جس سے 111, 333, 444 اور 999 پوری طرح تقسیم ہو جائے؟

ذہنی آزمائش 015

30A - خودکشی یا قتل؟

پولیس اسٹیشن میں ایک ٹیلی فون موصول ہوا کہ ایک خالی مقفل مکان سے کسی لاش کی بد بو آرہی ہے لہٰذا آیئے اور تحقیقات کیجئے۔ انسپکٹر اپنے دیگر عملے کے ساتھ وہاں آیا اور دیوار پھاند کر مکان میں داخل ہوا، اس نے محسوس کیا کہ سامنے والے کمرے سے بد بو آرہی ہے اس نے کمرے کے دروازے کو کھولنا چاہا لیکن پتہ چلا کہ وہ اندر سے بند ہے اور کمرے میں کوئی روشندان کھڑکی وغیرہ بھی نہیں تھی اور دروازہ بھی صرف ایک تھا لہٰذا انسپکٹر نے اپنے عملے کو دروازہ توڑنے کے لئے کہا دروازہ توڑنے کے بعد جب انسپکٹر اندر داخل ہوا تو اس نے ایک نہایت ہولناک منظر دیکھا ایک لاش چھت کے بیچ میں لگے ہوئے ایک کنڈے سے ایک رسّی کے ذریعے لٹک رہی تھی۔ لاش کے نیچے فرش پر ایک بالٹی بھی لڑھکی ہوئی پڑی تھی۔ اور فرش پر کچھ پانی بھی پھیلا ہوا تھا۔ انسپکٹر نے دیکھا کہ رسی تقریباً 3 فٹ لمبی تھی بالٹی ڈیڑھ فٹ لمبی تھی اور جب کمرے کی پیمائش کی گئی تو وہ 20 فٹ چوڑا اور 17 فٹ اونچا تھا۔ انسپکٹر حیران تھا کہ یہ خودکشی تھی یا قتل؟ اور اگر خودکشی تھی تو وہ شخص 17 فٹ اونچی چھت تک کیسے پہنچا؟ اگر یہ ایک قتل تھا تو قاتل کمرے سے باہر کیسے گیا۔ کیونکہ کمرے کی مضبوط کنڈی اندر سے لگی ہوئی تھی؟

ذہنی آزمائش 016

A31- دودھ کس طرح فروخت ہو؟

ایک دودھ والے کے پاس ایک بہت بڑے برتن میں سو 100 من اور ایک دوسرے برتن میں پانچ من دودھ موجود ہے اسے دونوں دودھ ایک ہی بھاؤ (ریٹ) پر فروخت کرنے ہیں اس طرح کہ دونوں دودھوں سے برابر برابر رقم حاصل ہو۔ مثلاً اگر سو من دودھ سے 100 روپے آمدنی ہو تو 5 من دودھ سے بھی 100 روپے آمدنی ہو لیکن یہ شرط یاد رہے کہ 100 من والا دودھ جس کے بھاؤ میں تبدیلی ہو تو دوسرے دودھ کے بھاؤ میں بھی وہی تبدیلی ہو گی ۔ بظاہر یہ سوال ناممکن نظر آتا ہے لیکن ذرا دماغ لڑائیے ، کوشش کیجئے تو جواب بآسانی حل جائے گا۔

ذہنی آزمائش 017

32A- زنجیر کی کڑیاں

ایک زنجیر کی بیس20 کڑیاں ہیں اوپر والی دس 10 کڑیوں میں سے ہر ایک کڑی 20,20 سیر وزن اٹھا سکتی ہے نیچے والی نو کڑیاں دس سیر کا وزن اٹھا سکتی ہیں اور آخری کڑی پانچ سیر کا وزن اٹھا سکتی ہے تو بتائیے کہ پوری یعنی ساری زنجیر کتنا بوجھ اٹھا سکتی ہے؟

33B- خون کا وزن

بتائیے کون سی چیز وزن میں زیادہ بھاری ہو گی؟

(ا) ایک لیٹر خون ۔ (ب) ایک لیٹر دودھ ۔ (ج) ایک لیٹر پانی

ذہنی آزمائش 018

شہر کی برف - 34A

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اگر کسی شہر میں برف گرے تو زیادہ تیزی سے پگھلے گی یا اگر کسی دیہاتی علاقے میں گرے تو زیادہ تیزی سے پگھلے گی یا دونوں جگہ برابر طور پر پگھلے گی، وجہ؟

عاصم کے خطوط - 35B

عاصم کا کراچی میں اچھا خاصہ کاروبار تھا اسے ہر روز کی ڈاک سے کافی خطوط ملتے تھے۔ ایک دفعہ عاصم کو ایک کاروباری سلسلے میں کئی دنوں کے لئے پشاور جانا پڑا اس نے اپنی بیوی آسیہ سے زور دے کر کہا کہ میرے خطوط ہر روز جمع کر کے پشاور روانہ کر دینا۔ پشاور پہنچنے کے پانچ، چھ دن تک عاصم تک کوئی خط نہیں پہنچا جبکہ اتنے عرصے میں اس کے اندازے کے مطابق پچاس، ساٹھ خطوط آجانے چاہیے تھے اس نے ساتویں دن بڑی پریشانی کے عالم میں اپنی بیوی کو کراچی تار بھیجا کہ آپ نے اب تک میرے آئے ہوئے خطوط مجھے کیوں نہیں روانہ کئے؟ آسیہ نے جوابی تار روانہ کیا کہ آپ لیٹر بکس کی چابی ساتھ لے گئے ہیں لہٰذا تمام خطوط اس کے اندر بند ہیں میں کس طرح خطوط روانہ کروں لہٰذا آپ فوراً چابی بھیجیے۔ عاصم نے تار ملتے ہی فوراً چابی روانہ کر دی۔ چابی بہت پتلی، چھوٹی لیکن مضبوط تھی، چابی روانہ کر دینے کے باوجود بھی عاصم تک کوئی خطوط نہیں پہنچے، بتائیے کیوں؟

ذہنی آزمائش 019

36A- بھوسے کی گٹھڑی

ایک دیہاتی بھوسے کی ایک گٹھڑی سر پر اٹھائے دریا پار کر رہا تھا کہ عین درمیان میں اس کی گٹھڑی کھل گئی بتایئے وہ کیا کرے کہ بھوسے کا ایک تنکا نہ ضائع ہو؟

37B- ہیروں کا ہار

ایک راجہ کے سات لڑکے تھے سب سے چھوٹا لڑکا باغ میں کھیل رہا تھا کہ اس کی نظر ایک ہار پر پڑی۔ ہار بہت ہی خوبصورت ہیروں کا بنا ہوا تھا وہ اس کے ہیرے گننے لگا۔ اچانک اس کا بھائی آ گیا جس نے کہا کہ آؤ ہم اس ہار کے ہیرے آپس میں بانٹ لیں جب انہوں نے ہیروں کو بانٹ لیا تو ایک ہیرا بچ گیا اتنے میں تیسرا بھائی بھی آ گیا۔ تب انہوں نے پھر ہیرے اکٹھے کیے اور اب تینوں آپس میں بانٹنے لگے لیکن پھر بھی ایک بچا۔ اتنے میں چھوٹا بھائی بھی آ گیا اس نے بھی حصہ مانگا چنانچہ انہوں نے پھر ہیرے اکٹھے کیے اور چاروں آپس میں بانٹنے لگے، اتنے میں پانچواں بھائی آ گیا اور پانچوں بانٹنے لگے لیکن پھر بھی ایک ہیرا بچا آخر چھٹا بھی آ پہنچا اور وہ پھر ہیرے آپس میں بانٹنے لگے لیکن پھر بھی ایک ہیرا بچا، آخر کار ساتواں بھائی بھی آ ہی گیا اور ہیرے بانٹے تو ساتوں بھائیوں میں پورے پورے تقسیم ہو گئے، بتایئے اس ہار میں کتنے ہیرے تھے اور ہر ایک بھائی کے حصے میں کتنے ہیرے آئے؟

ذہنی آزمائش 020

38A- نیلوفر کے سوالات

نیلوفر نے بلقیس سے کہا کہ اگر تم میرے ہر سوال کا صحیح جواب دو گی تو میں تمہیں فی سوال دس روپے کا قومی انعامی بانڈ انعام دوں گی لیکن اگر تم نے غلط جواب دیا تو 5 روپے فی سوال جرمانہ ہوگا اور تم مجھے یہ جرمانہ 5 روپے کے انعامی بانڈ کی شکل میں دو گی۔ یہ بات طے ہو جانے کے بعد نیلوفر نے بلقیس سے 120 سوالات پوچھے۔ آخر میں پتہ چلا کہ دونوں میں سے کسی کو بھی ایک دوسرے کو کوئی انعامی بانڈ نہیں دینا پڑا، بتایئے بلقیس نے کتنے سوالوں کے جوابات صحیح دیئے؟

ذہنی آزمائش 021

38A - لفظوں کا انتخاب

مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہوں کو اس طرح پر کیجئے کہ ہر جملے میں پہلی خالی جگہ آپ اپنی مرضی سے مناسب لفظ لکھیں لیکن پہلے جملے میں دوسری خالی جگہ جو لفظ آپ بھریں وہی لفظ ہر جملے میں دوسری خالی جگہ بھرنا ہوگا۔

(1) استاد نے ------ پر ------ سے ایک عجیب وغریب تصویر بنائی۔

(2) مجنوں کا ------ ------ تھا اور وہ صحرا میں بھٹک رہا تھا۔

(3) ------ اپنے ------ پر جب برتن بناتا ہے تو وہ منظر بڑا خوبصورت ہوتا ہے۔

(4) تہمینہ نے ------ کے ------ حصے پر بڑی خوبصورتی سے ایک پھول بنا کر اس کی بدنمائی چھپادی۔

ذہنی آزمائش 022

39A- حیرت انگیز معاہدہ

فرض کیجئے آپ مجھے پہلی تاریخ کو صرف ایک نیا پیسہ دیں۔ 3 تاریخ کو پہلی تاریخ کی بہ نسبت دوگنے پیسے دیں یعنی دو پیسے، تیسری تاریخ کو دوسری تاریخ کی بہ نسبت دگنے پیسے دیں یعنی چار پیسے، چوتھی تاریخ کو تیسری تاریخ کی بہ نسبت دگنے پیسے دیں یعنی آٹھ پیسے، پانچویں تاریخ کو چوتھی تاریخ کی بہ نسبت دگنے پیسے دیں یعنی سولہ پیسے، غرض اسی طرح 30 تاریخ تک آپ مجھے پیسے دیتے جائیں تو اس سے اگلے دن میں آپ کو انعام میں ایک رنگین ٹیلی ویژن، مرسڈیز کار، نولاکھ کا بنگلہ اور نقد رقم بیس لاکھ روپے دوں گا ذرا سوچ کر بتایئے کہ اگر اس معاہدے پر عملدرآمد ہو تو کون فائدے میں رہے گا میں یا آپ؟

40B- ایک "سال" میں رمضان شریف کے 42 روزے

رمضان المبارک میں 29 یا 30 روزے ہوتے ہیں لیکن کیا کسی "سال" رمضان المبارک کے 42 روزے بھی ہوئے؟

ذہنی آزمائش 023

41A- جنوبی قطب پر

فرض کیجئے کہ آپ زمین کے جنوبی قطب پر اس طرح کھڑے ہو جائیں کہ آپ کا منہ شمال کی طرف رہے تو آپ کے دائیں اور بائیں جانب کونسی سمت ہوگی؟

42B- مچھلی کا شکار

طارق اور طیب ایک تالاب میں مچھلی کا شکار کھیلنے کے بعد شام کو جب گھر واپس آ رہے تھے تو ان کا دوست اختر راستے میں ملا اس نے پوچھا کہو بھئی آج شکار کیسا رہا؟ طارق نے جواب دیا" آج تو ہم دونوں نے جتنی مچھلیاں پکڑی تھیں اتنی تالاب میں چھوڑ دیں اور جتنی نہیں پکڑ سکے تھے اتنی لئے جا رہے ہیں" اختر یہ جواب سمجھتا ہی رہ گیا آپ ہی اس کی کچھ مدد کیجئے؟

ذہنی آزمائش 024

43A- راوی میں سیلاب

شہنشاہ اکبر کے زمانے میں دریائے راوی میں زبردست سیلاب آیا تھا لاہور شہر کو زبردست نقصان پہنچا تھا لیکن باوجود دریائے راوی کے کنارے ہونے کے بادشاہی مسجد نہیں ڈوبی تھی بتایئے کیوں

44B- 100 کے حصے

100 کے ایسے چار حصے کیجئے کہ دوسرا حصہ پہلے سے دگنا، تیسرا حصہ پہلے سے تگنا اور چوتھا حصہ پہلے سے چوگنا ہو؟

45C- ٹرک ڈرائیور کیا کرے؟

ایک ٹرک کا پیچھا، ایک دوسرے ٹرک پر چند ڈاکو کر رہے تھے ڈاکو تھوڑے فاصلے پر رہ گئے لیکن وہ برابر پیچھے آرہے تھے راستے میں ایک سرنگ پڑی جس پر 13 فٹ اونچائی لکھی ہوئی تھی۔ جبکہ ٹرک ڈرائیور کو معلوم تھا کہ اس کا ٹرک 13 فٹ 3 انچ اونچا ہے بتایئے وہ ڈاکوؤں سے بچنے کے لئے کس طرح ٹرک بغیر نقصان کے جلد از جلد سرنگ سے نکال کر لے جا سکتا ہے؟

ذہنی آزمائش 025

46A- کنواں اور رسّی

32 فٹ گہرے کنویں میں 45 فٹ لمبی رسی لگتی ہے بتائیے 72 فٹ گہرے کنویں میں کتنے فٹ لمبی رسی درکار ہوگی؟

47B- کتنا نفع یا نقصان؟

جمیل نے دو 2 سائیکلیں 375 روپے فی سائیکل کے حساب سے فروخت کیں ایک سائیکل پر اسے 25 فیصد نفع ہوا دوسری پر اسے 25 فیصد نقصان ہوا بتائیے اسے اس کاروبار میں کتنے روپے کا نفع یا کتنے کا نقصان ہوا۔

ذہنی آزمائش 026

48A- شیر کا شکار

ایک شکاری نے ایک شیر شکار کیا شیر کی پیمائش (ناپ) مندرجہ ذیل تھی۔
سر 12 انچ لمبا۔ دم اتنی لمبی کہ سر اور شیر کے جسم کی لمبائی کا نصف کا مجموعہ، شیر کے جسم کی لمبائی جتنا کہ سر اور دم کی لمبائی کا مجموعہ (جسم سے مراد سر اور دم کے علاوہ حصہ) کیا آپ شیر کی مجموعی لمبائی بتا سکتے ہیں؟

49B- ملک کا نام

ذرا سوچ کر اس 8 حرفی ملک کا نام تو بتایئے جس کے آخری پانچ حروف ہٹا دینے پر بھی اس کا نام باقی رہتا ہے یعنی بقیہ تین حروف آپ کے سامنے لائے جائیں تو آپ فوراً اس ملک کو پہچان لیں گے کو یہ اس ملک کا سرکاری نام نہیں ہے لیکن اسے اس نام سے بھی پکارا جاتا ہے؟

ذہنی آزمائش 027

50A- بالٹیاں اور گیندیں

آپ کے پاس دو 2 پانی کی بالٹیاں ہیں لیکن ان کے درجہ حرارت مختلف ہیں۔

(الف) بالٹی کا درجہ حرارت 32 درجے فارن ہائیٹ اور

(ب) بالٹی کے پانی کا درجہ حرارت 90 درجے فارن ہائیٹ ہے بتائیے لوہے کی دو 2 برابر وزن کی گیندیں، اگر بالٹیوں میں ڈالی جائیں تو پہلے کونسی گیند ڈوبے گی۔ (الف) بالٹی کی گیند یا (ب) بالٹی کی؟

51B- پہلے کیا جلائیں گے؟

آپ کے پاس ماچس کی ڈبیا میں صرف ایک تیلی ہے آپ ایک ایسے کمرے میں داخل ہوتے ہیں جہاں بلکل اندھیرا ہے آپ کو ایک لالٹین۔ ایک تیل کا چولہا اور ایک گیس کا چولہا جلانا ہے بتائیے آپ کے سب سے پہلے جلائیں گے؟

ذہنی آزمائش 028

-52A کس کا وزن زیادہ؟

آپ کے پاس تین ایک سائز کی بالٹیاں ہیں اور تینوں لبالب بھری ہوئی ہیں لیکن ایک بالٹی میں مٹی کا تیل، دوسری میں پانی، اور تیسری بالٹی میں دودھ بھرا ہوا ہے بتایئے ان میں سے کس بالٹی کا وزن زیادہ ہوگا؟

-53B وہ کون تھے؟

ان پانچ جانداروں کے نام بتایئے جو مادر رحم میں نہیں رہے لیکن دنیا میں وہ جاندار تھے اور ان میں سے اکثر کو لوگوں نے چلتے پھرتے دیکھا

ذہنی آزمائش 029

54A- نیلوفر کا نقصان؟

نیلوفر نے آمدنی میں اپنے شوہر کا ہاتھ بٹانے کے لئے گھر پر کچھ کپڑے کے تھان تھوک کے بھاؤ سے خرید کر رکھ دیئے تھے محلے، پڑوس کی عورتیں بازار جانے سے بچنے کے لئے اسی کے ہاں سے کپڑا خرید لیتی تھیں۔ ایک دفعہ کسی اور محلے سے ایک عورت نیلوفر کے ہاں سے کپڑا خریدنے آئی۔ اس نے بیس 20 روپے کا کپڑا خریدا اور پچاس روپے کا نوٹ نیلوفر کو دیا نیلوفر کے پاس واپس کرنے کے لئے ۳۰ روپے نہ تھے لہٰذا اس نے ایک بچے سے پچاس کا نوٹ سامنے والی دکان سے بھنا کر (change) منگوالیا۔ وہ عورت تو 20 روپے کا کپڑا اور 30 روپے لے کر چلی گئی لیکن تھوڑی دیر میں ہی سامنے والے دکاندار نے وہی پچاس روپے کا نوٹ واپس بھجوادیا کہ یہ تو جعلی ہے نیلوفر نے جب غور سے دیکھا تو واقعی نوٹ جعلی تھا لہٰذا اسے نوٹ واپس لینا پڑا اور پچاس روپے اپنے پاس سے دکاندار کو ادا کئے اور جعلی نوٹ غصے میں پھاڑ کر پھینک دیا کیونکہ وہ اس عورت کو نہیں جانتی تھی، اور اب اس کے آنے کا امکان بھی نہ تھا اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پچاس روپے تو نیلوفر نے سامنے والے دکاندار کو اپنے پاس سے واپس کئے اور بیس روپے کا کپڑا اور تیس روپے وہ عورت لے گئی بتایئے نیلوفر کو کتنا نقصان ہوا؟

55B- ذہن اور اشارے

آپ اپنے کسی دوست سے پوچھیں کہ گونگا آدمی پانی کیسے مانگے گا ظاہر ہے کہ آپ کا دوست اپنا ہاتھ منہ کی طرف لے جا کر گونگے شخص کی طرح اشارہ کر کے بتائے گا پھر آپ پوچھیں ناپسٹ ناپ کیسے کرتا ہے وہ انگلیوں کو حرکت دے کر بتائے گا کہ اس طرح ناپ کرتا ہے پھر ایک دم آپ اس سے پوچھیں کہ اچھا اب بتاؤ کہ نابینا آدمی قینچی کیسے مانگے گا؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ اکثریت کیا کرے گی؟

ذہنی آزمائش 030

56A- ذہن کو ہدایت

آپ اپنے دوست سے کہیئے کہ میں آپ کا ایک امتحان لیتا ہوں لیکن یہ امتحان تمام امتحانوں سے بالکل مختلف ہے اس میں پاس ہونے کے لئے میرے ہر سوال کا جواب غلط دیجئے اگر آپ نے میرے چند سوالوں کے غلط جوابات دے دیئے تو میں آپ کو پاس کردوں گا اور صحیح جواب دے دینے کی صورت میں آپ فیل متصور ہوں گے۔ اب آپ سوالات شروع کیجئے آپ اسے قلم دکھایئے، اور پوچھیئے یہ کیا ہے ظاہر ہے آپ کا دوست آپ کی ہدایت کے مطابق غلط جواب دے گا۔ مثلاً وہ کہہ سکتا ہے کہ یہ ہاتھی ہے پھر گھڑی دکھا کر پوچھیئے کہ یہ کیا ہے وہ اس کا جواب بھی غلط دے گا، پھر رومال دکھا کر پوچھیئے کہ یہ کیا ہے وہ اس کا جواب بھی غلط دے گا لیکن فوراً ہی آپ انجان بنتے ہوئے پوچھیئے کہ دوست میں نے اب تک کتنے سوال پوچھے ہیں جانتے ہیں کہ آپ کا دوست کتنا جواب دے گا؟

ذہنی آزمائش 031

A 57- آسان سوالات

الف۔ وہ کیا ہے جس کے پینے والے کو پہلوان اور بہادر مانا جاتا ہے؟

ب۔ میرا تعلق ہے تو آنکھوں سے، میرا نام چار حرفی ہے اگر میرے نام کے آخری حرف کو تیسرے نمبر پر اور تیسرے نمبر کے حرف کو آخری حرف کی جگہ کر دیا جائے تو ایسی جگہ کا نام بن جاتا ہے جہاں کے دن بڑے یاد آتے ہیں ان لوگوں کو جو وہاں جاتے رہے ہوں؟

ج۔ ایک ایسے جانور کا نام بتایئے جس کا آخری حرف مٹا دینے سے اس کا مذکر بن جاتا ہے اور اگر اس مذکر کا آخری حرف اور پیش بھی مٹا دیا جائے تو ایک خوفناک لفظ بن جاتا ہے۔

د۔ وہ کون سی جگہ ہے جس میں دریا ہیں مگر پانی نہیں جنگلات ہیں مگر پھول پتیاں نہیں، شہر ہیں مگر ان میں آبادی نہیں؟

B 58- کس طرح لکھیے گا؟

صرف اکائی یعنی ایک کے ہندسے کسی طرح بھی سات بار لکھیے کہ مجموعہ 25 آئے گا؟

ذہنی آزمائش 032

59A- تیزی کا سوال

آپ اپنے دوست سے پوچھیں کہ "وہ سوراخ کتنا بڑا ہوگا۔ جس میں سے ہاتھی گزر جائے

60B- کون سی جگہ؟

بتایئے وہ کون سی جگہ ہے جہاں سورج کی کرنیں صرف ایک بار پڑیں اور پھر کبھی نہ پڑیں؟

63A- برف اور دھاگہ

ثاقب نے عاطف کے سامنے ایک شیشے کے جگ میں تھوڑا سا پانی ڈالا اور پھر ایک برف کا چھوٹا سا ٹکڑا چھوڑ دیا۔ اس کے بعد وہ ایک دھاگہ لے آیا۔ اور عاطف سے کہا کہ وہ دھاگے کی مدد سے برف کا ٹکڑا جگ سے باہر نکال دے لیکن شرط یہ ہے کہ اسے دھاگے سے باندھا نہ جائے نہ ہی کوئی لکڑی، پنسل، چمچہ وغیرہ استعمال کیا جائے۔ عاطف سوچ میں پڑ گیا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ کیا کرے۔ آخر تھک ہار کر اس نے کہا کہ یہ ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے اتنے میں غزالہ آ گئی اس نے کہا کہ بھئی کیا ہو رہا ہے کیا مشکل ہے، ثاقب نے غزالہ کو بھی آزمانے کو کہا، غزالہ بہت ذہین تھی وہ کچھ دیر سوچتی رہی اور پھر اس نے ایسا کر دکھایا۔ بتایئے اس نے کس ترکیب سے دھاگے سے باندھے بغیر، دھاگے کی مدد سے برف کا ٹکڑا جگ سے نکالا؟

64- کراچی کی سواری

ذرا سوچ کر اس سواری کا نام بتایئے جو پچھلے تقریباً سو 100 سالوں میں پاکستان کے صرف ایک شہر میں چلتی تھی؟

ذہنی آزمائش 035

65A- کون سا جاندار

کسی ایسے چار پاؤں والے جاندار کا نام بتائیے جس کا وزن تقریباً آدھ سیر سے کئی من تک ہوتا ہے وہ الٹا ہو جائے تو پھر خود بخود سیدھا نہیں ہو سکتا؟

66B- پلیٹوں میں انڈے

اپنے دوست سے کہیئے کہ "ایک میز پر 9 انڈے رکھے ہوئے ہیں کھانے والے دس 10 ہیں اور ہر ایک کو ایک انڈا ملنا بھی ضروری ہے، بتائیے کس طرح؟

ذہنی آزمائش 036

67A- وصیت جو ایک مشکل بن گئی

مسٹر رابرٹ کا آخری وقت قریب تھا ان کی بیوی مسز رابرٹ امید سے تھیں چنانچہ مسٹر رابرٹ نے اپنے وکیل کو بلوا کر ایک وصیت نامہ تحریر کروالیا اور اس پر اپنے دستخط اور گواہوں وغیرہ کے دستخط بھی کروادیے وصیت یہ تھی کہ "اگر ان کے مرنے کے بعد مسز رابرٹ کے لڑکا پیدا ہو تو جائداد میں سے ایک حصہ مسز رابرٹ کو اور دو 2 حصے ان کے لڑکے کو ملیں گے اور اگر لڑکی پیدا ہو تو مسز رابرٹ کو جائداد میں حصہ لڑکی سے دگنا ملے گا۔" اس وصیت نامے کے لکھے جانے کے کچھ دنوں بعد مسٹر رابرٹ انتقال کر گئے ان کے انتقال کے ڈھائی ماہ بعد مسز رابرٹ کے ہاں اتفاق سے دو 2 جڑواں بچے پیدا ہوئے ان میں ایک لڑکا اور ایک لڑکی۔ اب تو وکیل صاحب بہت چکرائے اور ملنے جلنے والے بھی حیران تھے کہ اب وصیت نامے پر کس طرح عملدرآمد ہوگا؟ آپ ہی بتائیے کہ اب جائیداد کس طرح تقسیم ہو کہ آنجہانی رابرٹ کا منشا پورا ہو جائے؟

ذہنی آزمائش 037

68A- کیا خاص بات نظر آتی ہے؟

21978 کو اگر 4 گنا کیا جائے تو 87912 آتا ہے، بتایئے ان دونوں عددوں میں آپ کو کیا خاص بات نظر آتی ہے؟

69B- وہ کیا ہے؟

بتایئے وہ کیا ہے جو ہے تو آپ سے ہی وابستہ، جہاں کہیں آپ جاتے ہیں، اس کا ساتھ جانا لازمی ہے لیکن پھر بھی آپ کی بہ نسبت دوسرے لوگ اسے زیادہ استعمال کرتے ہیں؟

70C- عجیب رشتہ

اظہر نے اپنے دوست کو ایک فوٹو دکھایا اور کہا، اس کا باپ میرے باپ کا بیٹا ہے لیکن میرا نہ کوئی بھائی ہے اور نہ بیٹا، بتایئے جس کا فوٹو ہے وہ اظہر کے رشتے میں کون ہوا؟

ذہنی آزمائش 038

71A- شوہراوربیوی

ایک شوہر کا اپنی بیوی کو کس حالت میں دیکھنا ممکن ہی نہیں؟

(نوٹ: سوال کردار خواب اور گزری ہوئی باتوں سے متعلق نہیں ہے)۔

72B- 4 کا ہندسہ 7 بار

صرف 4 کے ہندسے کو سات بار اس طرح لکھیے کہ جواب 100 آئے؟

(نوٹ: اس سوال میں حساب کی علامتیں یا علامتیں یعنی +، -، x وغیرہ استعمال کی جا سکتی ہیں)۔

ذہنی آزمائش 039

73A- مٹر کے دانے

راغب نے ارشد سے کہا کہ میری دونوں مٹھیوں میں کچھ مٹر کے دانے ہیں اگر میں اپنی بائیں مٹھی سے 3 دانے اپنی دائیں مٹھی میں منتقل کردوں تو میری دونوں مٹھیوں میں دانوں کی تعداد برابر ہو جائے گی۔ لیکن اگر میں اپنی بائیں مٹھی کے نصف دانے دائیں مٹھی میں منتقل کردوں تو میری دائیں مٹھی میں بائیں مٹھی سے دگنے دانے ہو جائیں گے کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ راغب کی بائیں مٹھی میں کتنے مٹر کے دانے ہیں؟

74B- کون سی رقم؟

کیا آپ وہ واحد رقم بتا سکتے ہیں جو 2 سے لے کر 9 تک کے ہندسوں سے پوری کی پوری تقسیم ہو جاتی ہے؟

75C- کتنے گھنٹے سوئے؟

اگر آپ رات کے 8 بجے سوتے ہیں اور گھڑی میں 9 بجے صبح کا الارم لگا دیتے ہیں تو بتائیے آپ کتنے گھنٹے سو سکیں گے؟

ذہنی آزمائش 040

76A- دو 2 گھوڑے

دو 2 گھوڑے اس طرح کھڑے ہیں کہ ایک کا منہ اس طرف اور دوسرے کا منہ اُس طرف یعنی ایک کا منہ مشرق کی طرف، دوسرے کا منہ مغرب کی طرف ہے اب یہ بتائیے کہ گھاس کہاں رکھیں کہ دونوں گھوڑے گھومے بغیر گھاس کھا سکیں؟

78B- شہد کا وزن

کیا ایک گیلن شہد کا وزن سردیوں کی نسبت گرمیوں میں زیادہ ہوگا یا وہی رہے گا؟

79C- کیا یہ ممکن ہے؟

کیا یہ ممکن ہے کہ ایک ہی وقت میں جمیل، خورشید کے پیچھے کھڑا ہو اور خورشید جمیل کے پیچھے کھڑا ہو؟

جوابات

جوابات ذہنی آزمائش 001

1A- وہ گناہ کبیرہ خودکشی ہے کیونکہ توبہ اس زندگی میں کی جا سکتی ہے مرنے کے بعد کوئی توبہ نہیں لہذا جب وہ شخص زندہ ہی نہیں ہوگا تو توبہ کیسے کرے گا ہاں اقدام خودکشی کی توبہ کی جا سکتی ہے مثلاً ایک شخص نے خودکشی کا اقدام کیا اور بچ گیا تو وہ توبہ کر سکتا ہے اور آئندہ ایسا قدم نہ اٹھانے کا وعدہ کر سکتا ہے۔

2B- غصہ

3C- پیدائشی بہرا شخص گونگا بھی ضرور ہوگا حالانکہ اس کی زبان وغیرہ سب ٹھیک ہوگی اس کی وجہ یہ ہے کہ جب وہ پیدا ہونے کے بعد سے کوئی آواز ہی نہ سن سکے گا تو الفاظ کس طرح سمجھے گا لہذا وہ بولنا نہ سیکھ سکے گا۔ سن کر ہی ایک بچہ بولنا سیکھتا ہے۔

جوابات ذہنی آزمائش 002

4A- اگر دو سیر تمباکو کو استعمال کر کے اس کی راکھ بحفاظت رکھتے جائیں راکھ کو تولیں اور پھر راکھ کے وزن کو سوا دو 2 سیر میں سے گھٹا دیں تو دھوئیں کا وزن آ جائیگا۔

5B- مرحوم

جوابات ذہنی آزمائش 003

6A- خودکشی، اقتدار پر قبضہ

7B- جب آدمی چلتا ہے تو پہلے ایڑی اٹھاتا ہے لیکن جب دوڑتا ہے تو پہلے پنجہ استعمال کرتا ہے۔

جوابات ذہنی آزمائش 004

-8A اس سوال کا جواب تو بہت آسان ہے آپ سوراخ کو پانی سے بھرتے جائیں تھوڑی دیر میں سوراخ پانی سے بھر جائیگا

-9B کیا آپ سو رہے ہیں ، کیا آپ مردہ ہیں۔

جوابات ذہنی آزمائش 005

10A- بحری جہاز کا لنگر

11B- 28 دنوں کے بعد بلی 27 دنوں میں کل 27 فٹ اوپر چڑھے گی باقی تین فٹ فاصلہ رہ جائیگا آخری دن وہ تین فٹ اونچی چھلانگ لگائے گی اور گڑھے سے باہر ہوگی۔

12C- ایک من مکمل زنگ شدہ لوہے کا وزن تین من ہو جائیگا یعنی لوہا مکمل زنگ لگنے کے بعد وزن میں تین گنا زیادہ ہو جاتا ہے۔

جوابات ذہنی آزمائش 006

13A- گھوڑے والا اس لئے 24 روپے کا اصرار کر رہا تھا کہ شام کو اس نے جو حساب کیا اس کے مطا
بق اس دن اس نے دو روپے میں پانچ گھوڑوں کو پانی پلوایا تھا۔ (1 روپے میں 2 گھوڑے + 1 روپے
میں 3 گھوڑے = دو روپے میں 5 گھوڑے) اس لئے اس دن گھوڑوں کو دو دفعہ پانی پلوایا تھا یعنی
30 * 2 =20 ایک طرح سمجھ لیجئے کہ 20 گھوڑوں نے پانی پیا 2 روپے میں 5 گھوڑوں نے پانی
پیا لہذا 20 گھوڑوں نے پانی پیا 5 / 3 * 20 = 24 روپے میں۔

جوابات ذہنی آزمائش 007

14A- یہ دو بیل کسی کولہو یا رہٹ کے ہیں ظاہر ہے جب دونوں ساتھ چلیں گے تو ایک گھیرا چھوٹا ہوگا۔ اور دوسرے کا بڑا لہٰذا فاصلوں میں فرق ہوگا۔

15B- ہرن اپنے پچھلے کھر سے کان کھجا رہا تھا۔

جوابات ذہنی آزمائش 008

16A- عام طور پر اسکا جواب یہ دیا جاتا ہے کہ پانی کے سالمات کے درمیان کچھ جگہ چھٹی رہ جاتی ہے نمک کے سالمات اس جگہ سما جاتے ہیں اور پانی کے حجم میں کوئی اضافہ نہیں ہونے دیتے لیکن یہ بات کچھ دل کو لگتی نہیں۔

جوابات ذہنی آزمائش 009

A-17 زنجیر

B-18 اس لئے کہ ریل گاڑی اسٹیشن پر کھڑی ہوئی تھی۔

جوابات ذہنی آزمائش 010

19A- جس آدمی کے منہ پر کالک لگی ہوئی تھی جب اس نے دوسرے آدمی کے منہ کو صاف دیکھا تو یہ سمجھا کہ میرا منہ بھی صاف ہے اسلئے منہ دھونے نہیں گیا۔ جس کا منہ صاف تھا جب اس نے اپنے ساتھی کے منہ پر کالک دیکھی تو وہ سمجھا میرے منہ پر بھی کالک لگی ہوگی اس لئے وہ منہ دھونے کیلئے چلا گیا۔

20B- باسکٹ میں 25 انڈے تھے (آدھے ہوئے ساڑھے بارہ انڈے + آدھا انڈا = 13 انڈے فروخت کئے اور بارہ موجود ہیں۔

جوابات ذہنی آزمائش 011

A-21 72 سگریٹیں، کیونکہ 12 سگریٹیں جو بنا کر پی گئی ہیں ان کے 12 ٹکڑے بھی بچیں گے اور اس طرح 2 سگریٹیں اور بن جائیں گی لہذا کل سگریٹیں ہوئیں 72+12+2 =86

B-22 جی ہاں۔ دراصل وہ یہ اس لیے کہتے تھے کہ ان دونوں کا ایک اور بھائی بھی تھا۔ وہ ”تین جڑواں بھائی“ (Triplets) پیدا ہوئے تھے۔

جوابات ذہنی آزمائش 012

23A- اس کا جواب بہت آسان ہے آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں آپ تختی کو چوک پر لانے کے بعد کھڑا کریں کہ اس کا وہ حصہ جس پر کراچی لکھا ہو کراچی کی طرف کر دیں (ظاہر ہے کہ آپ کراچی کی طرف سے آ رہے ہیں لہذا آپ کو اتنا تو معلوم ہی ہے کہ یہ سڑک کراچی جاتی ہے) چنانچہ آپ تختی کا وہ رخ کراچی کی طرف کر دیں گے جس پر کراچی لکھا ہے اس طرح باقی منزلیں خود بخود درست ہو جائیں گی اور حیدرآباد والی سمت حیدرآباد کی طرف اشارہ دکھائے گی اور آپ کار کا رخ اسی طرف کر دیں گے اور حیدرآباد کی طرف روانہ ہو جائیں گے۔

جوابات ذہنی آزمائش 013

24A- 2 روپے۔

25B- لفٹ۔

26C- سکہ واقعی جعلی تھا اور آپ کا فیصلہ صحیح تھا کیونکہ سکے پر 250 ق م (یعنی حضرت عیسیٰ سے 250 سال قبل تحریر تھا) سکے سے یہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ یہ سکہ اس زمانے کا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس زمانے کے لوگوں کو کیسے پتہ چل گیا تھا کہ حضرت عیسیٰ 250 سال بعد تشریف لے آئینگے اور انہوں نے اپنے سکوں پر 250 ق م لکھنا شروع کر دیا یہ تو کسی شخص نے جعلی سکے کو اصل اور پرانا ظاہر کرنے کے لئے اپنی طرف سے ذہانت کا ثبوت دیا لیکن یہی بات اس سکے کو جعلی ثابت کرنے کے لئے معاون ثابت ہوئی۔

جوابات ذہنی آزمائش 014

27A- 12111 روپے۔

28B- اس لئے کہ وہ لیپ کے سال میں 29 فروری کو پیدا ہوا تھا۔

29C- 37

جوابات ذہنی آزمائش 015

A-30 یہ خودکشی تھی ۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس شخص نے خودکشی کیسے کی ۔وہ کس طرح 17 فٹ اونچی چھت تک پہنچا؟ وہ شخص 3 فٹ لمبے اور 3 فٹ چوڑے برف کے کئی ٹکڑے لے آیا تھا اس نے ان ٹکڑوں سے ایک زینہ سا بنایا اور بالٹی لے کر اوپر چڑھ گیا بالٹی کو الٹا کر کے وہ اس پر کھڑا ہو گیا اور رسّی چھت کے کنڈے سے باندھ کر اپنے گلے میں باندھ لی اور پیر سے بالٹی کو لڑھکا دیا، اس طرح اس نے خودکشی کر لی ، برف پگھل کر ختم ہو گئی لیکن اس کا بچا ہوا پانی فرش پر بکھرا ہوا تھا۔

جوابات ذہنی آزمائش 016

-31A دودھ والا 100 من دودھ میں سے ننانوے من دودھ ایک روپے کا تین من کے حساب سے فروخت کرے گا۔ تو 33 روپے کی آمدنی ہوگی، اس طرح پانچ من دودھ میں سے تین من دودھ فروخت کرے گا اسی طور پر یعنی ایک روپے کا تین من تو ایک روپے آمدنی ہوگی اس کے بعد وہ 100 من میں سے بچے ہوئے دودھ یعنی ایک من کو 32 روپے من کے حساب سے فروخت کرے گا تو آمدنی ہوگی 32 روپے، اب کل 100 من دودھ سے آمدنی ہوئی 33 + 32 = 65 روپے، اسی طرح پانچ من دودھ میں سے 2 من دودھ بچا ہوا تھا اسے بھی دودھ والا 32 روپے من کے حساب سے فروخت کریگا تو آمدنی ہوگی 64 روپے اب 5 من دودھ کی کل آمدنی ہوئی روپے 1 +65 = 64 ۔

جوابات ذہنی آزمائش 017

32A- پانچ سیر۔

33B- ایک لیٹر خون ہو واضح رہے کہ خون پانی سے چھ گنا زیادہ بھاری ہوتا ہے۔

جوابات ذہنی آزمائش 018

34A- شہر میں گری ہوئی برف دیہات میں گری ہوئی برف کے مقابلے میں تیزی سے پگھلے گی، اس کی وجہ یہ ہے کہ شہر کا دھواں اور گرد و غبار وغیرہ برف پر جم جاتا ہے دھویں اور گرد و غبار وغیرہ میں حرارت کو جذب کرنے کی صفت پائی جاتی ہے اس لئے شہر کی برف تیزی سے پگھلنے لگتی ہے لیکن دیہات کی صاف اور شفاف دھوپ کی کرنوں کو واپس کرتی رہتی ہے لہٰذا اسے پگھلنے میں دیر لگتی ہے۔

35B- عاصم نے چھوٹی سی چابی کو ایک لفافے میں بذریعہ ڈاک ارسال کیا تھا اور اب چابی بھی متعلقہ لیٹر بکس میں تھی۔

جوابات ذہنی آزمائش 019

36A- ایک تنکا پکڑ لے۔

37B- کل 301 ہیرے تھے۔ ہر ایک بھائی کے حصے میں 43 ہیرے آئے۔

جوابات ذہنی آزمائش 020

-38A بلقیس نے 120 میں سے 40 سوالوں کے جوابات درست دیئے اور اس طرح وہ 400 روپے کے قومی بونڈز کی حقدار بنی لیکن اس نے 80 سوالات کے جوابات غلط دیئے لہٰذا اس پر 400 روپے کے قومی انعامی بونڈ کا جرمانہ ہوا، اس طرح نیلوفر کو، بلقیس کو کوئی انعامی بونڈ نہیں دینا پڑا۔ اور اسی طرح بلقیس کو کوئی انعامی بونڈ جرمانے کے طور پر نہیں ادا کرنا پڑا یعنی حساب برابر ہو گیا۔

جوابات ذہنی آزمائش 021

-38A

(1) تختۂ سیاہ ۔ چاک

(2) گریبان ۔ چاک

(3) کمہار ۔ چاک

(4) کرتے ۔ چاک

جوابات ذہنی آزمائش 022

-39A میں فائدے میں رہوں گا ۔ کیونکہ 30 تاریخ تک آپ مجھے 53,68,709 روپے دے چکے ہوں گے ۔ دیکھنے میں ایسا نہیں معلوم ہوتا لیکن سچ کو آنچ کیا، حساب لگا کر دیکھ لیجئے

-40B یہ بڑا دلچسپ سوال ہے، اکثر لوگ اس میں چکر میں پڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ ناممکن ہے حالانکہ ایسا نہیں، ایکسال میں 42 روزے ہوئے ہیں 2835 ع میں یکم رمضان جنوری کی پہلی تاریخ کو پڑا تھا، اور اسی سال دسمبر میں پھر رمضان شریف آگیا تھا۔ جس کی وجہ سے 1835 ع میں 42 روزے رکھنے پڑے تھے ۔ 1900 ع میں 39 روزے رکھنے پڑے تھے ۔ واضح رہے کہ ایک سال میں 42 روزوں سے زیادہ تعداد نہیں ہو سکتی ۔

جوابات ذہنی آزمائش 023

41A- صرف شمال ہی ایک ایسی سمت ہے جو آپ کے دائیں
بائیں بلکہ چاروں طرف موجود ہوگی۔

42B- تالاب میں کوئی مچھلی نہ تھی۔

جوابات ذہنی آزمائش 024

-43A اکبر کے زمانے میں بادشاہی مسجد نہیں بنی تھی۔

-44B 10، 20، 30، 40۔

-45C ٹرک ڈرائیور ٹرک کے پہیوں کی ہوا تقریباً 2/ 31 (ساڑھے تین) انچ کم کر دے گا تو ٹرک بآسانی نقصان پہنچے بغیر سرنگ کو پار کر لے گا۔

جوابات ذہنی آزمائش 025

46A- 81 فٹ لمبی رسی ، صرف کنویں کی لمبائی ڈگنی ہوئی ہے۔ کنویں کے باہر جو 9 فٹ رسی استعمال ہو رہی ہے وہ تو وہی رہے گی۔

47B- بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جمیل کا نفع نقصان برابر ہو گیا یعنی نہ اسے نقصان ہوا نہ فائدہ لیکن حقیقت یہ نہیں ہے آیئے صحیح جواب معلوم کریں۔ جمیل نے ایک سائیکل 375 روپے میں فروخت کی اس پر اسے 25 فیصد منافع ہوا۔ ظاہر ہے یہ سائیکل جمیل نے 300 روپے میں خریدی تھی تب ہی 25 فیصد کے حساب سے 75 روپے نفع ہوا اور اسے 378 حاصل ہوئے۔ دوسری سائیکل 375 میں ہی فروخت ہوئی ، اس پر اسے 25 فیصد نقصان ہوا ، ظاہر ہے کہ وہ اس نے 500 روپے میں خریدی تھی۔ 25 فیصد نقصان ہونے کی وجہ سے وہ 375 میں فروخت ہوئی ، یعنی نقصان ہوا۔ 125 = 375 - 500 روپے پہلی سائیکل میں منافع ہوا 75 روپے ، دوسری سائیکل میں نقصان ہوا۔ 125 روپے لہذا اسے اس کاروبار میں 50 روپے کا نقصان ہوا۔

جوابات ذہنی آزمائش 026

-48A شیر کے جسم کی کل لمبائی 8 فٹ تھی (سر 1 فٹ دم 3 فٹ اور جسم 4 فٹ)

-49B ہندوستان

جوابات ذہنی آزمائش 027

-50A (ب) بالٹی میں گیند پہلے ڈوبے گی کیونکہ (الف) بالٹی میں جو پانی ہوگا وہ 32 ورجے فارن ہائٹ پر منجمد ہوگا۔ آہستہ آہستہ وہ پگھلے گا تب گیند الف بالٹی میں ڈوبے گی

-51B ماچس کی تیلی کو۔

جوابات ذہنی آزمائش 028

52A- دودھ والی بالٹی کا۔

54B- (۱) عصاءِ موسیٰؑ (۲) حضرت ابراہیمؑ کا مینڈھا جو جنت سے آیا تھا۔ (۳) حضرت صالحؑ کا ناقہ (اونٹنی)۔ (۴) حضرت آدمؑ (۵) حضرت حواؑ۔

جوابات ذہنی آزمائش 029

54A- نیلوفر کو پچاس روپے کا نقصان ہوا۔

55B- اکثر لوگ اس کا جواب اس طرح دیں گے کہ آنکھ بند کر کے ہاتھ کو قینچی کی طرح چلائیں گے حالانکہ نابینا شخص منہ سے کہے گا کہ مجھے قینچی دیجیے۔

جوابات ذہنی آزمائش 030

56A- اگر آپ کے دوست نے ذہانت سے کام نہ لیا تو وہ کہے گا کہ آپ نے تین سوال پوچھے ہیں۔ بس یہیں سے آپ اسے نتیجہ بتادیں کہ آپ فیل ہو گئے۔ وہ پوچھے گا کیوں تو اسے آپ جواب دیں کہ آپ نے میرے چوتھے سوال کا جواب صحیح دے دیا کہ "میں نے کتنے سوال پوچھے ہیں"؟ جب کہ آپ کو طریقہ امتحان کے مطابق جواب غلط دینا تھا۔ مثلاً آپ دس کہہ سکتے تھے۔ اس پر آپ کا دوست اپنا سر پیٹ کر رہ جائے گا۔

جوابات ذہنی آزمائش 031

57A- الف۔ غصہ۔ ب۔ کاجل (کاجُل) ج۔ مرغی

(مرغ)۔ د۔ نقشے میں

58B- 11+1 +1 +1 +11 = 25

جوابات ذہنی آزمائش 032

59A- اس کا جواب تو ظاہر ہے کہ وہ سوراخ ہاتھ کے برابر ہوگا جس میں سے ہاتھ ہی گذر جائے گا۔ لیکن آپ اس سوال میں "ہاتھ ہی" کو اتنی تیزی سے کہیں گے کہ سننے والا اگر بہت غور سے نہ سنے تو وہ سمجھے گا کہ آپ "ہاتھی" کہہ رہے ہیں۔ لہٰذا وہ سوچ میں پڑ جائے گا اور ہاتھی کے برابر سوراخ بتائے گا۔ جو کہ غلط ہوگا۔

60B- دریائے نیل میں وہ جگہ جہاں سے حضرت موسیٰؑ گذرے تھے۔ دریا وہاں سے اللہ تعالیٰ کے حکم سے خشک ہوگیا تھا، وہاں سورج کی روشنی پڑی تھی، پھر بعد میں فرعون گذرا تو دریا آپس میں مل گیا اور وہ ڈوب گیا۔

جوابات ذہنی آزمائش 033

61A- میاں اور بیوی کا۔

62B- پرنس "Prince"۔

جوابات ذہنی آزمائش 034

63A- غزالہ نے دھاگے کا ایک سرا پانی میں تر کرکے اسے برف کے ٹکڑے پر رکھ دیا، اس کے بعد اس نے دھاگے پر تھوڑا سا نمک باورچی خانے سے لاکر چھڑک دیا۔ تھوڑی سی ہی دیر میں دھاگہ برف سے چپک کر رہ گیا، اور اس نے آہستہ سے دھاگے کو پانی سے باہر کھینچ لیا، اور اس کے ساتھ ہی برف کا ٹکڑا بھی جگ سے باہر آ گیا۔

64B- ڈرام۔

جوابات ذہنی آزمائش 035

65A- بچھوا (واضح رہے کہ دنیا میں بعض جگہ ایسے بچھوے بھی پائے جاتے ہیں۔ جن کا وزن کئی کئی من تک ہوتا ہے)۔

66B- جواب تو سوال میں ہی موجود ہے، انڈے تو دس موجود ہی ہیں ایک میز پر ہے اور 9 پلیٹوں میں لہذا دس افراد میں ایک ایک انڈا تقسیم ہو جائے گا۔ دراصل اس سوال کو سننے کے بعد آدمی کو یہ محسوس ہوتا ہے۔ میز پر نو پلیٹیں رکھی ہیں، اس طرح ۹ انڈے ذہن میں آتے ہیں۔ جب کہ مقصد یہ ہے کہ ایک انڈا میز پر ہے اور باقی 9 انڈے 9 پلیٹوں میں۔

جوابات ذہنی آزمائش 036

67A- آنجہانی رابرٹ کا منشا یہ تھا کہ مسز رابرٹ کو بیٹی سے دگنا اور بیٹے سے آدھا حصہ ملے لہذا بیٹی کو ایک حصہ مسز رابرٹ کو دو حصے اور لڑکے کو چار حصے تقسیم ہوں گے۔

جوابات ذہنی آزمائش 037

68A- عدد کی ترکیب الٹ جاتی ہے یعنی 21978 کی ترتیب الٹ کر 87912 ہو جاتی ہے۔

69B- آپ کا نام۔

70C- بہن۔فرض کر لیں اظہر کی بیٹی کا نام رضیہ ہے اظہر نے رضیہ کی تصویر دکھا کر کہا تھا کہ اس کا باپ یعنی خود اظہر، اظہر کے باپ کا بیٹا ہے میرا نہ بھائی ہے اور نہ کوئی بیٹا لہذا وہ اظہر کی بیٹی تھی۔

جوابات ذہنی آزمائش 038

-71A بیوہ کی حالت میں یعنی بیوگی میں۔

-72B 100 = 44+44+4+4+4

جوابات ذہنی آزمائش 039

73A- راغب کی بائیں مٹھی میں 12 مٹر کے دانے ہیں۔

74B- یہ رقم ہے 2520 روپے۔

75C- صرف ایک گھنٹہ، کیونکہ الارم رات کے 9 بجے ہی بج جائے گا۔

جوابات ذہنی آزمائش 040

76A- گھاس دونوں گھوڑوں کے بیچ میں رکھ دیں۔ کیونکہ وہ آمنے سامنے ہی تو ہیں۔

78B- ایک گیلن شہد کا وزن سردیوں کی نسبت گرمیوں میں زیادہ ہوتا ہے کیونکہ ایک گیلن کے برتن میں بھرا ہوا شہد گرمی سے پھیل جاتا ہے اور تھوڑا بہت شہد گر جاتا ہے لیکن سردیوں میں وہی رہتا ہے۔

79C- جی ہاں! وہ دونوں اس طرح ایک دوسرے کے پیچھے کھڑے ہوں کہ ان کی پشتیں (پیٹھیں) ایک دوسرے سے ملی ہوں۔

Thanks for
your interest
SS Hashmi
Syed Sakhir
Hashmi